Digitized by Khilafat Library Rabwah

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

فون ۴۴۹

رجسٹرڈ ایل نمبر ۵۲۵۴

روزنامہ الفضل ربوہ

The Daily ALFAZL RABWAH

ایڈیٹر مسعود احمد دہلوی

قیمت فی پرچہ ۲۰ پیسے

جلد ۶۱/۲۶ | ۲۱ شوال ۱۳۹۲ھ | ۲۸ نبوت ۱۳۵۱ ہش | ۲۸ نومبر ۱۹۷۲ء | نمبر ۲۷۱

اخبار احمدیہ

ربوہ ۲۷ نبوت۔ سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی صحت کے متعلق آج صبح کی اطلاع مظہر ہے کہ:۔

طبیعت اللہ تعالیٰ کے فضل سے اچھی ہے۔ الحمد للہ

احباب توجہ اور التزام کے ساتھ حضور کی صحت و سلامتی کے لئے دعائیں جاری رکھیں۔

ربوہ ۲۷ نبوت۔ حضرت سیدہ نواب مبارکہ بیگم صاحبہ مدظلہا العالی کی صحت کے متعلق آج صبح کی اطلاع مظہر ہے کہ:۔

طبیعت اللہ تعالیٰ کے فضل سے بہتر ہے۔ الحمد للہ

احباب جماعت دعائیں کرتے رہیں کہ اللہ تعالیٰ حضرت سیدہ ممدوحہ کو صحت و عافیت کے ساتھ تا دیر سلامت رکھے۔ آمین

خطبہ جمعہ

مجھے اور آپکو خدا نے اس لئے پیدا کیا ہے کہ قرآن کریم کی عظمت کو دنیا میں دوبارہ قائم کیا جائے

قرآن کریم کو مہجور و متروک سمجھنے کی ذہنی کیفیت کو دور کرنا اور اسکی اشاعت کی تکمیل کرنا جماعت کی اہم ذمہ داری ہے

میرے دل کی شدید خواہش ہے کہ آئندہ پانچ سال میں قرآن کریم کی دس لاکھ کاپیاں دس لاکھ گھروں میں پہنچ جائیں

از سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز

فرمودہ مورخہ ۷ ماہ وفا ۱۳۵۱ ہش (مطابق ۷ جولائی ۱۹۷۲ء) بمقام سعید ہاؤس، کاکول، ایبٹ آباد

مرتبہ:۔ مکرم یوسف سلیم صاحب شاہد ایم۔اے۔ انچارج شعبہ زود نویسی

سورۃ فاتحہ کے بعد حضور نے یہ آیات تلاوت فرمائیں:۔

وَقَالَ الرَّسُوْلُ يٰرَبِّ اِنَّ قَوْمِي اتَّخَذُوْا هٰذَا الْقُرْاٰنَ مَهْجُوْرًا ۝ (الفرقان: ۳۱)

وَمَآ اَنْزَلْنَا عَلَيْكَ الْكِتٰبَ اِلَّا لِتُبَيِّنَ لَهُمُ الَّذِي اخْتَلَفُوْا فِيْهِ ۙ وَهُدًى وَّرَحْمَةً لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ۝ (النحل: ۶۵)

اور پھر فرمایا:۔

انسان کے ساتھ بیماری لگی ہوئی ہے۔ دو ایک روز سے مجھے انفلوئنزا کی تکلیف ہے۔ گو پہلے سے کچھ افاقہ ہے لیکن ابھی تکلیف جاری ہے۔ سر بھاری اور طبیعت بے چین رہتی ہے۔ دوست دعا کریں اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے صحت عطا فرمائے۔

اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم میں فرمایا ہے کہ رسول نے کہا اے میرے رب! میری یہ قوم قرآن کریم کو مہجور بنا رہی ہے۔ مہجور کا مصدر ھَجْرٌ ہے اور عربی لغت کے لحاظ سے اس کے معنے زبان سے یا دل سے یا دونوں سے قطع تعلق کرنے کے ہوتے ہیں۔ اس لحاظ سے

ھَجْرٌ کے تین معنے

ہو جائیں گے۔ ایک یہ کہ زبان سے کہنا کہ قرآن کریم کے ساتھ میرا کوئی تعلق نہیں۔ دوسرے یہ کہ انسان کی دلی کیفیت یہ ہو کہ اس کا قرآن عظیم سے کوئی تعلق نہ ہو اور تیسرے یہ کہ زبان سے بھی کہنا اور دل سے بھی زبانِ حال سے یہی تاثر دینا کہ کوئی تعلق نہیں ہے۔

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ اس عظیم قرآن کے ساتھ بھی لوگ تعلق قائم نہیں رکھتے اور اس سے قطع تعلق کر لیتے ہیں۔ حالانکہ قرآن کریم کی تو یہ عظمت اور شان ہے کہ وہ اپنی عظمت کا خود دعویٰ کرتا اور پھر اس کے حق میں دلائل بھی دیتا ہے۔ قرآن عظیم اللہ تعالیٰ کی آخری ہدایت اور ایک کامل اور مکمل شریعت ہے۔ اس نے اپنی عظمت کے متعلق اور اپنی شان کے متعلق اور اپنی افادیت کے متعلق اور اپنی ہمہ گیری کے متعلق اور تمام اقوام سے اپنے تعلق کے بارے میں اور پھر ہر زمانے سے اس کا جو تعلق ہے اسکے بارے میں، خود دعویٰ کیا ہے اور پھر دلائل سے اس کو ثابت بھی کیا ہے۔

قرآن کریم نے ایک

بڑا ہی عجیب اور حسین دعویٰ

یہ کیا ہے کہ انسان کی عقل ناقص ہے اور اس کی دلیل یہ دی ہے کہ دیکھو چوٹی کے عقلمند ہر مسئلہ کے متعلق اختلاف کرتے ہیں۔ چنانچہ انسانوں کا باہمی اختلاف، خصوصاً ان انسانوں کا جو صاحب عقل و فراست سمجھے جاتے ہیں۔ بڑے علم و تدبر والے سمجھے جاتے ہیں۔ ان کا باہمی اختلاف اس بات کی دلیل ہے کہ انکی عقل ناقص ہے۔ اگر انسانی عقل ناقص نہ ہوتی تو وہ ایک ہی نتیجہ پر پہنچتی۔ لیکن چونکہ وہ ناقص ہے اور صراطِ مستقیم کو کبھی چھوڑ بھی دیتی ہے اور راہِ راست سے بھٹک جاتی ہے اس لئے وہ متضاد نتائج پر پہنچتی ہے۔ اسی واسطے اللہ تعالیٰ کی ہستی کے متعلق حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اس عقلی دلیل کو بار بار اور بڑی وضاحت سے مختلف پیرایوں میں بیان فرمایا ہے اور وہ یہ ہے کہ "خدا ہونا چاہیئے" اور "خدا ہے" میں بڑا فرق ہے۔ اللہ تعالیٰ کی ہستی کے متعلق انسانی عقل زیادہ سے زیادہ صرف "خدا ہونا

پبلشر: مسعود احمد؛ پرنٹر: سید عبدالحی؛ مطبع: ضیاء الاسلام پریس ربوہ؛ مقام اشاعت: دفتر الفضل دارالرحمت غربی ربوہ

Digitized by Khilafat Library Rabwah

چاہیئے" تک پہنچتی ہے یعنی انسانی عقل دنیا کی مختلف چیزوں کو دیکھ کر یہ نتیجہ نکالتی ہے کہ خدا ہونا چاہیئے۔ جب کہ دوسرے انسان کہتے ہیں کہ خدا نہیں ہونا چاہیئے۔ اور یہ بھی اپنے حق میں عقلی دلیلیں دیتے ہیں۔

چنانچہ اب انسان نے ایک نئی سائنس نکالی ہے جسے انگریزی میں "سائنس آف چانس" کہتے ہیں۔ پہلے تو دہریے کہتے تھے یہ بھی اتفاق ہے اور وہ بھی اتفاق ہے۔ ہزار بار بلکہ اس سے بھی زیادہ اتفاق! اتفاق!! کہتے چلے جاتے تھے۔ مگر پھر انہوں نے سوچا کہ آنکھیں بند کر کے اتفاق اتفاق کہہ دینا، درست نہیں ہے۔ بالآخر انہوں نے اس کائنات اور اس کی اشیاء کی پیدائش اور ارتقاء پر فکر و تدبر کے نتیجہ میں جب

"سائنس آف چانس"

بنائی تو آدھے سائنسدان اس نتیجہ پر پہنچے کہ خدا پر ایمان لانا پڑے گا۔ ہر چیز کو اتفاق کہہ کر ٹالا نہیں جا سکتا۔ میں ایک دو دفعہ اس کی تفصیل بیان کر چکا ہوں۔ اس وقت اسکو دہرانا نہیں چاہتا۔

بہر حال "سائنس آف چانس" کے نتیجہ میں آدھے سائنسدان اس گروہ سے تعلق رکھنے لگے جنہوں نے یہ کہا کہ ایک قادر مطلق، خالق اور رب ماننا پڑے گا۔ جبکہ دوسرے گروہ نے کہا کہ نہیں! خدا کے ماننے کی پھر بھی کوئی ضرورت نہیں۔

جیسا کہ میں پہلے بتا چکا ہوں حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا کہ سائنسدان صرف "چاہیئے" تک پہنچتے ہیں کہ خدا ہونا چاہیئے۔ لیکن "چاہیئے" اور "ہے" میں بڑا فرق ہے۔ صرف وہی شخص کہہ سکتا ہے کہ "خدا ہے" جس نے خدا تعالیٰ کا پیار حاصل کیا ہو اور زندہ خدا کے ساتھ اس کا زندہ تعلق ہو۔ وہ "خدا ہونا چاہیئے" پر نہیں رہتا۔ وہ کہتا ہے خدا موجود ہے۔

اب مثلاً راولپنڈی میں ایک احمدی یہ کہہ سکتا ہے کہ آج کا خطبہ ایبٹ آباد میں خلیفۃ المسیح الثالث نے دیا ہوگا۔ اس سے زیادہ وہ کچھ نہیں کہہ سکتا۔ لیکن کوئی دوسرا آدمی یہ بھی کہہ سکتا ہے کہ وہ بیماری سے اٹھ کر آئے ہیں۔ بعض دفعہ بیمار کو اور بیماریاں بھی لگ جاتی ہیں۔ اس لئے انہوں نے خطبہ جمعہ نہیں دیا ہوگا۔

پس دونوں کے لئے ایک جیسا امکان ہے۔ ایک کہے گا کہ خطبہ دیا ہوگا۔ (یہ بات بھی "ہونا چاہیئے" کے درجہ میں آتی ہے) دوسرا کہے گا کہ نہیں دیا ہوگا۔ لیکن آپ دوست جو اس وقت میرے سامنے بیٹھے ہیں، آپ میں سے کوئی شخص یہ نہیں کہہ سکتا کہ حضرت صاحب نے خطبہ دیا ہوگا۔ آپ کہیں گے حضرت صاحب نے خطبہ دیا ہے۔ ہم نے خود اُن کا خطبہ سُنا ہے۔

غرض جو شخص اللہ تعالیٰ سے ایک زندہ تعلق رکھتا ہے، وہ کہتا ہے کہ خدا ہے۔ مگر جس کا خدا تعالیٰ سے زندہ تعلق نہیں ہوتا بلکہ عقلی دلائل سے وہ اس نتیجہ پر پہنچتا ہے کہ ہستی باری تعالیٰ کو ماننا چاہیئے وہ کہتا ہے کہ خدا ہونا چاہیئے۔ کیونکہ اس کے بغیر بہت سی باتیں EXPLAIN (ایکس پلین) نہیں کی جا سکتیں۔ اس سے پتہ لگتا ہے کہ عقل ہمیں "خدا ہے" تک نہیں پہنچاتی بلکہ

"خدا ہونا چاہیئے"

تک پہنچاتی ہے۔ تاہم جہاں تک "خدا ہے" کا تعلق ہے یہ تو خود خدا تعالیٰ اپنے عاجز بندے کو رحمت کے ہاتھ سے اُٹھاتا اور اُس کے ساتھ اپنے زندہ تعلق کو قائم کرتا ہے۔ پھر وہ بندہ کہتا ہے کہ "خدا ہے" کیونکہ میں اس کا گواہ ہوں۔ میرا مشاہدہ ہے کہ خدا ہے۔ میں نے اس سے غیب کی خبریں معلوم کیں۔ اُس نے گھبراہٹ کے اوقات میں مجھے پیار سے تسلیاں دیں۔ اُس نے میری دُعاؤں کو سُنا اور بسا اوقات اُس نے قبولیت دُعا کی قبل از وقت اطلاع دے دی۔ وغیرہ وغیرہ۔ زندہ تعلق کے بہت سے مظاہرے ہوتے ہیں۔ پھر وہ کہے گا کہ "خدا ہے"۔ میں اس کا گواہ ہوں۔

میں نے کئی دفعہ بتایا ہے۔ میں نے ۱۹۶۷ء میں یورپ کے دورے کے دوران سوال کرنے والی ایک عیسائی عورت سے کہا تھا کہ ۱۹۶۵ء کی جنگ میں ایک احمدی عورت کی ایک رات کی دعاؤں کے نتیجہ میں اللہ تعالیٰ نے اُسے تین خبریں دیں۔ میں نے اُس سے کہا کہ تم ساری عیسائی دنیا میں اس قسم کی کوئی مثال یا اس قسم کا کوئی تجربہ نہیں دکھا سکتے۔ پھر میں نے اُس سے کہا کہ یہ عورت جسے ایک رات میں اللہ تعالیٰ نے تین باتیں بتائیں اور وہ پوری بھی ہو گئیں۔ اب اگر اس کے سامنے ساری دنیا کے فلاسفر اکٹھے ہو کر اللہ تعالیٰ کے وجود کے خلاف دلائل دیں تو وہ کہے گی۔ تم پاگل ہو۔ جس

قادر مطلق ہستی کی صفات

کا میں نے اپنے وجود میں مشاہدہ کیا ہے، میں اُس کا انکار کیسے کر سکتی ہوں۔

بہر حال جو بات میں اس وقت بتا رہا ہوں وہ یہ ہے کہ **انسانی عقول کا اختلاف و تضاد، انسانی عقول کے نقص کی بڑی زبردست دلیل ہے۔** کیونکہ اگر انسانی عقول ناقص اور کمزور نہ ہوتیں تو مسائل کے بارے میں ان کا آپس میں اختلاف نہ ہوتا۔ چنانچہ آج کی دُنیا نے اقتصادی حقوق کے متعلق بڑا شور مچا دیا ہے۔ امریکہ کے چوٹی کے اکانومسٹ یعنی چوٹی کے ماہرین اقتصادیات یہ سمجھتے ہیں کہ دُنیا میں اُن جیسی عقل کسی اور کو حاصل نہیں ہے۔ ایک گروہ تو امریکہ کے ماہرین کا ہے۔ دوسرا گروہ روس میں بستا ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ اتنی عقل جتنی روسی ماہرین کو حاصل ہے دُنیا کے کسی اور خطے میں تمہیں نظر نہیں آئے گی۔

غرض وہ بھی ماہرین اکانومسٹ اور یہ بھی ماہرین اکانومسٹ۔ وہ امریکہ میں رہنے والے ہیں اور یہ روس میں بسنے والے، اور ہر دو

اپنی مادی طاقت کے نتیجہ میں

خود کو بڑا عقلمند سمجھتے ہیں۔ جو لوگ ان کو جانتے ہیں، اُن سے بھی کہلوا لیتے ہیں کہ جی یہ بڑے عقلمند ہیں، ان کی نقل کرنی چاہیئے۔ مثلاً پاکستان والے آنکھیں بند کر کے امریکہ کی نقل کرنے لگ جاتے ہیں یا پاکستان والے روس کی نقل کرنے لگ جاتے ہیں یا پاکستان والے چین کی نقل کرنے لگ جاتے ہیں۔ اس طرح وہ تسلیم کرتے ہیں کہ ہم گدھے ہیں۔ ہمارے اندر عقل نہیں ہے اور وہ (امریکن اور روسی) عقلمند ہیں۔ اور ان عقلمندوں کا حال یہ ہے کہ امریکہ، روس اور چین کے لوگوں کی عقلوں کو جب اکٹھا کیا جائے تو سوائے اختلاف کے اس کا کوئی نچوڑ نہیں نکلتا۔ یعنی جس طرح ایک طبیب ادویہ بنانے کے لئے بعض چیزوں کا نچوڑ نکالتا ہے اسی طرح اگر ان کی عقلوں کو اکٹھا کر کے ان کا نچوڑ نکالا جائے تو وہ اختلاف ہوگا۔

پھر ہر ایک کا اپنے اپنے مُلک کے اندر اختلاف ہے۔ میں آکسفورڈ میں اقتصادیات بھی پڑھتا رہا ہوں۔ وہاں اقتصادیات پر ایک "کینز" کا نظریۂ اقتصادیات تھا اور اسی طرح کے مختلف سکولز ہیں جو اپنی اپنی تھیوریز بناتے چلے جاتے ہیں۔ اور یہی مختلف تھیوریز ہی دراصل ان کی

ناقص عقل کی زبردست دلیل

ہے۔ ان عقلوں نے ہماری عقل تو اندھی کر دی ہے۔ اسی لئے بعض لوگوں نے کہہ دیا کہ جی بس عقل کافی ہے یعنی اسلام میں ایسے لوگ بھی پیدا ہو گئے ہیں جنہوں نے کہا ہے کہ اب مسلمان کے لئے الہام کی ضرورت نہیں، عقل کافی ہے۔ مگر کیا وہ عقل کافی ہے جو امریکہ اور روس کو آپس میں لڑا رہی ہے۔

ماہ بماہ چندہ عام، حصہ آمد اور چندہ جلسہ سالانہ کی ادائیگی سے ایک ماہ میں دو ماہ کی ادائیگی کا بار نہیں پڑتا۔
(دفتر وصیت ربوہ)

Digitized by Khilafat Library Rabwah

روس اور چین کو آپس میں لڑا رہی ہے۔

پس ان کا اختلاف بتا رہا ہے کہ عقل کافی نہیں ہے بلکہ یہ تو خود ناقص ہے جس کے ساتھ انسان کو کسی دوسری چیز کی ضرورت ہے۔ چنانچہ ہمیں بتایا گیا ہے کہ

عقل خود ناقص ہے گر نیز الہام نہ ہو

یہ دراصل قرآن کریم کی تفسیر ہے۔ قرآن کہتا ہے کہ ہم نے یہ کتاب اس لئے نازل کی ہے کہ انسانی عقول ناقص ہیں اور اس کمزوری اور نقص کے نتیجہ میں آپس میں اختلاف کرتی ہیں۔ جب دو ایک جیسی چیزیں اختلاف کر رہی ہوں تو ویسی ہی تیسری چیز ان کا اختلاف دور نہیں کر سکتی مثلاً اگر دو عقول کی کشتی ہو جائے یا آپس میں اختلاف کرنے لگ جائیں تو تیسری عقل آکر ان کا اختلاف دور کر ہی نہیں سکتی۔ اسلئے لوگوں نے ایک اور اصول وضع کیا اور وہ بھی بڑا ناقص ہے اور وہ

"کامیرو مائز" کا اصول

ہے۔ کہا کچھ تم چھوڑ دو۔ کچھ میں چھوڑ دیتا ہوں۔ جس کا مطلب یہ ہے کہ تم نے خود تسلیم کر لیا کہ عقل ناقص ہے۔ کیونکہ اگر کوئی چیز ناقص نہ ہوتی تو اس کے لئے کچھ چھوڑنے کا سوال پیدا ہی نہیں ہوتا تھا۔ آخر اعلیٰ کو چھوڑ کر ادنیٰ کو کیوں اختیار کیا جائے۔

غرض جن لوگوں نے "کامیرو مائز" کا اصول بنایا ہے، انہوں نے بھی اس امر کو تسلیم کر لیا ہے کہ ہماری عقلیں ناقص ہیں۔ اس لئے کسی فیصلے پر پہنچنے کے لئے کچھ تم قربانی کرو۔ کچھ ہم قربانی دیتے ہیں۔ مگر قرآن کریم نے یہ دعویٰ کیا ہے کہ خدا تعالیٰ جو رب العلمین ہے، وہ کہیں تمہاری عقلوں پر کیسے چھوڑ سکتا تھا۔ کہ تم ہر وقت لڑتے ہی رہو۔ کیونکہ عقل عقل سے اختلاف کرتی ہے اس واسطے فرمایا کہ اے رسولؐ! ہم نے تجھ پر یہ کامل کتاب اس لئے اتاری ہے کہ لوگوں کی ناقص عقول اور ان کے فکر و تدبر کے نتیجہ میں اختلافات پیدا ہوں، تو یہ ان کو دور کر دے۔ عقل عقل کے باہمی اختلاف کو اللہ تعالیٰ کا الہام دور کر سکتا ہے۔ کیونکہ وہ خدائے علام الغیوب کے سرچشمہ سے نکلتا ہے۔

پس عقل عقل کے اختلاف کو دونوں عقول ناقص ہیں تبھی اختلاف پیدا ہوا۔ ایک تیسری ناقص عقل دور نہیں کر سکتی۔ البتہ وہ یہ کہتی ہے کہ آپس میں کامیرو مائز یعنی کچھ چھوڑ دو اور کچھ لو کے اصول پر سمجھوتہ کر لو۔ لیکن وہ ان کا فیصلہ نہیں کر سکتی۔ وہ ان کے اوپر حکم نہیں بن سکتی۔ وہ یہ نہیں کہہ سکتی کہ یہ درست ہے اور وہ درست نہیں ہے۔ اس طرح تو جس کے خلاف فیصلہ ہو گا وہ اس کے پیچھے پڑ جائے گا کہ تم کمال کے بڑے عقلمند بنے پھرتے ہو۔

غرض زید یا بکر کی عقلوں کا سوال نہیں۔ دنیا کے بڑے بڑے دماغ اور خود کو عقلمند اور صاحب فراست کہنے والے لوگ مسائل میں آکر قریباً ہر مسئلہ میں اختلاف کر گئے ہیں۔ بین الاقوامی سطح پر بھی اور اندرون ملک بھی۔

جیسا کہ میں نے ابھی بتایا ہے کہ مثلاً

اقتصادیات کے معاملہ میں

انگلستان کو ایک چھوٹا سا ملک ہے۔ وہاں بھی بڑے بڑے ماہر، عقلمند اور بڑے اچھے لکھنے والے اکانومسٹ پیدا ہوئے، مگر آپس میں اختلاف کر گئے۔ ایک ایک تھیوری بنا رہا ہے۔ دوسرا دوسری تھیوری بنا رہا ہے۔ یہ تو اندرون ملک حال ہے بین الاقوامی سطح پر امریکہ، روس اور چین کا باہمی فرق تو بڑا نمایاں ہے۔

اب مثلاً کمیونزم (اشتراکیت) اور چینی سوشل ازم کو لے لیں تو چونکہ عقل ناقص ہے۔ اس لئے جس نتیجہ پر روسی کمیونسٹ پہنچا، اس نتیجہ پر چینی سوشلسٹ نہیں پہنچا۔ چین نے اپنی اور تھیوریز بنا لیں اور اس طرح ان کا آپس میں اختلاف پیدا ہو گیا۔ گو عام طور پر لوگوں کے سامنے یہ اختلاف نہیں آیا لیکن میں آپ کو علیٰ وجہ البصیرت بتاتا ہوں کہ ان کا آپس میں بہت اختلاف پایا جاتا ہے۔ روسی اور چینی اختلاف سے پہلے یوگوسلاویہ کے ٹیٹو کے کمیونزم اور روسی کمیونزم میں اختلاف پیدا ہو گیا

یوگوسلاویہ والے کہتے ہیں کیا تم ہی بڑے عقلمند ہو۔ ہمیں بھی تو عقل دی گئی ہے۔ ہم بھی اختلاف کر سکتے ہیں۔

غرض یہ تو صحیح ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ہر شخص کو عقل دی ہے۔ لیکن ایسی عقل دی ہے ——— جو غیر محدود وسعتوں میں جولانی نہیں کر سکتی کیونکہ عقل محدود ہے۔ جس وقت وہ اپنی حدود کو پھلانگتی ہے، وہ نقص کو پیدا کرتی ہے۔ وہ بطلان کو پیدا کرتی ہے۔ وہ صداقت کو پیدا نہیں کرتی کیونکہ وہ اپنی حدود سے آگے نکل جاتی ہے حالانکہ وہ ایک محدود چیز ہے۔ لیکن جو کلام، جو بیان، جو صداقتیں اور اختلاف کو دور کرنے والے جو اصول علام الغیوب کے

کامل علم کے سرچشمے

سے نکلتے ہیں، وہ اس قابل ہوتے ہیں کہ عقل اور عقل کے درمیان اختلافات کو دور کرائیں۔

پس یہ عظیم قرآن اس لئے نازل ہوا کہ اللہ تعالیٰ کے الہام کے ذریعہ عقول ناقصہ کے اختلافات کو دور کیا جا سکے۔ اور یہ قرآن کریم کی بے شمار صفات میں سے ایک صفت ہے۔ اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم کے مقام اور شان کو مختلف جگہوں پر بڑی وضاحت سے بیان کیا ہے۔ ہم کہہ دیتے ہیں کہ قرآن کریم نے بیان کیا ہے۔ اصل میں تو اللہ تعالیٰ ہی بیان کرنے والا ہے۔ جس نے قرآن کریم نازل کیا ہے۔ دراصل اللہ تعالیٰ نے اپنے کلام میں اپنے کلام کی شان کو بیان کیا ہے جیسے عام فہم زبان میں ہم کہہ دیتے ہیں کہ قرآن کریم نے خود بیان کیا ہے۔ یہ محاورہ بھی درست ہے۔ خود حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اس محاورہ کو استعمال کیا ہے۔ تاہم یہ ایک عام فہم محاورہ ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ خدا تعالیٰ نے اپنے کلام کی عظمت کو اپنے کلام یعنی قرآن کریم میں بیان فرمایا ہے۔ لیکن اتنی عظیم کتاب ہونے کے باوجود رسولؐ نے فرمایا کہ میری قوم نے اس کتاب سے زبانی اور دلی طور پر قطع تعلق کر لیا ہے

چنانچہ اب بھی آپ اپنی زندگیوں میں دیکھیں، ہمارے پاکستان میں بھی مسلمان کہلانے والوں میں بہت سے ایسے لوگ بھی ہیں جو بسا اوقات زبان سے یہ کہہ دیتے ہیں کہ چودہ سو سالہ پرانی کتاب آج کے نئے مسائل کس طرح حل کرے گی۔ وہ کہتے ہیں کہ یہ ٹھیک ہے اسلام ہمارا دین ہے لیکن ہم یہ نہیں مانتے کہ قرآن کریم ہمارے سارے مسائل کے حل کے قابل ہو۔ کئی لوگ تو بڑی دلیری سے کھلے طور پر یہ کہہ دیتے ہیں اور کئی اشاروں میں یہ بات کرتے ہیں۔ اور دل سے تو قرآن کریم کی عظمت کو بہت کم لوگ مانتے ہیں۔ کیونکہ دل کا ایمان تو جوارح کی حرکتوں کو پکڑ لیتا ہے اور ادھر ادھر نہیں جانے دیتا وہ یقین جو دل میں پیدا ہوتا ہے، اس کے بعد عمل میں گمراہی نہیں پیدا ہو سکتی۔ لیکن اب حالت یہ ہے کہ قرآن کریم پر ایمان بھی ہے اور اسی فیصد اعمال قرآنی ہدایت کے خلاف بھی ہیں۔ یہ طریق عمل قرآن کریم کو عملاً طور پر مہجور قرار دینے یعنی قطع تعلق کرنے کے مترادف ہے زبان سے

قرآن کریم کی صداقت

کا اقرار ہے لیکن دل سے قطع تعلق ہے۔ اس کے باوجود اس میں کوئی شک نہیں کہ یہ کتاب فی الواقعہ عظیم ہے۔

اللہ تعالیٰ نے جماعت احمدیہ پر بڑا فضل فرمایا ہے۔ اللہ تعالیٰ کے فضل سے ہمیں حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے ذریعہ علاوہ اور بہت سی روشنیوں کے ایک یہ صداقت بھی ملی ہے کہ قرآن کریم ایک عظیم کتاب ہے۔ یہ ابدی صداقتوں پر مشتمل اور ہر زمانے کی عقول ناقصہ کے اختلافات کو دور کرنے والی کتاب ہے۔ الحمد للہ۔ ثم الحمد للہ۔ پس ہر احمدی کو اللہ تعالیٰ کا بڑا شکر گزار ہونا چاہیئے اور اسی کی حمد کرتے رہنا چاہیئے۔ حقیقت یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کا یہ اتنا عظیم احسان ہے کہ اگر ہم اپنی ساری عمر الحمد للہ پڑھتے رہیں تب بھی صرف اس احسان پر اللہ تعالیٰ کا شکر ادا نہیں ہو سکتا۔ لیکن اس نے ہمیں یہ کہہ کر تسلی دی۔

لَا يُكَلِّفُ اللّٰهُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا (البقرہ)

فرمایا تمہاری جتنی طاقت ہے اتنا کام کرو گے تو میں سمجھوں گا۔ تم نے سارا کام کر دیا۔

Digitized by Khilafat Library Rabwah

اور یہ گویا اس کا ہم پر ایک اور احسان ہو گیا۔

پس ہم نے قرآن کریم کی عظمت کو پہچانا ہے۔ اور صرف یہی نہیں کہ ہم نے قرآن کریم کی عظمت کو پہچانا ہے بلکہ ہمیں یہ حکم دیا گیا ہے کہ ہم ساری دنیا کے دل میں قرآن کریم کی عظمت کو قائم کر دیں۔ اگر ہم ایسا نہیں کرتے تو پھر ہماری انفرادی اور اجتماعی زندگی بالکل بے معنی ہے۔

چنانچہ اشاعتِ قرآن کے سلسلہ میں اللہ تعالیٰ نے جماعت احمدیہ کو توفیق بخشی۔ اللہ تعالیٰ نے بڑی رحمتیں نازل کیں۔ میری خلافت سے پہلے بہت کام ہوا حضرت خلیفہ اول رضی اللہ عنہ اور پھر حضرت خلیفہ ثانی رضی اللہ عنہ نے

دُنیا کا ذہن بدل دیا

مثلاً جس وقت جماعت احمدیہ کی طرف سے قرآن کریم کا انگریزی ترجمہ ہوا اس وقت جہاں تک قرآن کریم کا تعلق ہے دُنیا کی حالت یہ تھی کہ جو عوام تھے اُن کو تو علم ہی نہیں تھا کہ قرآن کریم جیسی عظیم کتاب انسان کی طرف دُنیا میں نازل ہو چکی ہے۔ جو متوسط طبقہ کے پڑھے لکھے لوگ تھے، انہوں نے شاید قرآن کریم کا نام تو سُنا ہوا لیکن اُن کے دل میں اس سے کوئی محبت یا دلچسپی نہیں تھی۔ جو لوگ زیادہ پڑھے لکھے تھے اور سکالرز کہلاتے تھے جن کا علمی مجالس میں اُٹھنا بیٹھنا تھا اور اُن کا آپس میں تبادلہ خیال ہوتا تھا۔ اُن کو قرآن کریم کے ساتھ محض اس قدر دلچسپی تھی اور اُن کے دل میں قرآن کریم کی صرف اتنی قدر تھی کہ اگر قرآن کریم کا ترجمہ انگریزی کے طریقہ پر اُن کے سامنے پیش کیا جاتے تو وہ شاید قرآن کریم پر احسان کر کے کبھی کبھی اُسے دیکھ لیا کریں۔ اب ویسے تو یہ طریق درست نہیں ہے کہ قرآن کریم کا متن اس کے ترجمے کے پیچھے چلے اصل طریق تو یہ ہے کہ ترجمہ متن کے پیچھے چلے۔ لیکن میں آپ کو بتا رہا ہوں کہ اس وقت دنیا کی حالت یہ تھی کہ اگر قرآن کریم کا ترجمہ ہماری تحریر یا رسم الخط کی طرز پر دائیں بائیں ہوتا تو صرف اتنی سی وجہ سے کہ ہمیں عادت نہیں ہے، دنیا کے انگریزی خواں طبقہ نے بھی قرآن کریم کو ہاتھ نہیں لگانا تھا۔ پھر تراجم ہوئے حضرت خلیفہ اوّل رضی اللہ عنہ کی زیر نگرانی بھی ایک ترجمہ ہوا اور ہمارے خیال میں وہ ضائع ہو گیا۔ واللہ اعلم۔ پھر حضرت خلیفہ ثانی رضی اللہ عنہ نے قرآن کریم کی تفسیر کی اور آپ کی زیر نگرانی انگریزی کے علاوہ اور بھی مختلف زبانوں میں ترجمے ہوئے۔ مثلاً ڈچ زبان میں ترجمہ ہوا۔ جرمن زبان میں ترجمہ ہوا۔ سواحیلی زبان میں ترجمہ ہوا۔ روسی اور فرانسیسی زبانوں میں بھی ترجمے ہو چکے ہیں۔ لیکن چونکہ روسی اور فرانسیسی جاننے والے احمدی ہمیں نہیں ملے اور یہ مسئلہ بڑا نازک ہے اس واسطے ان کے مسودے پڑے ہوئے ہیں۔ ہم نے ابھی تک اُن کو شائع نہیں کیا۔ اب چند سال پہلے فرانسیسی ترجمہ کی REVISION (ری ویژن) کے ہم قابل ہوئے تھے۔ اس کا مسودہ اشاعت کے لئے تیار ہے۔ انشاء اللہ دو ایک سال میں مارکیٹ میں آ جائے گا۔ لیکن روسی ترجمہ قرآن کریم کی نظر ثانی ہم نہیں کروا سکے۔ میرے خیال میں بعض اور زبانوں میں بھی۔

تراجم کے مسودے

تیار ہیں۔ لیکن اس وقت میرے ذہن میں نہیں۔

بہر حال میں یہ بتا رہا ہوں یہ جو ڈچ زبان یا جرمن زبان یا انگریزی زبان بائیں سے دائیں کو چلتی ہے اس کے مطابق ہم نے متن کو رکھا اور اس طرح جہاں سورۃ الحمد ہونی چاہیئے تھی وہاں سورہ والناس آ گئی۔ غرض ابتداء میں متن نے ترجمہ کا پیچھا کیا۔ صرف اس نیت سے کہ ان لوگوں میں قرآن کریم کے ساتھ کوئی دلچسپی پیدا ہو۔ اس میں خدا تعالیٰ کے فضل سے ہم کامیاب ہو گئے۔ یہ خدا تعالیٰ کا بڑا فضل ہے کہ لوگوں کے ذہن میں ایک انقلاب آ گیا گو یہ ایک چھوٹا سا انقلاب ہے۔ مگر ہے یہ بھی انقلاب۔ جس طرح سمندر میں طوفان آئے تو کوئی یہ نہیں کہہ سکتا کہ پہاڑ جیسی اُٹھنے والی ایک لہر طوفان کا حصہ نہیں ہے۔ وہ طوفان کا حصہ ہے لیکن طوفان نہیں ہے اسی طرح قرآن کریم کے حق میں یہ تبدیلی اپنی جگہ ایک صداقت ہے اور دنیا میں جو ایک انقلاب عظیم بپا ہو رہا ہے۔ یہ اس کا ایک اہم حصہ ہے۔

قرآن کریم کی تفسیر و اشاعت پر ایک لمبا زمانہ گذر گیا۔ اس عرصہ میں ہم نے قرآن کریم میں اتنی دلچسپی پیدا کر دی کہ اگر ترجمہ متن کے پیچھے چلے تو یہ اس کی اشاعت میں روک نہیں بنے گا۔ حضرت خلیفہ اوّل رضی اللہ عنہ کی زیر نگرانی تیار ہونے والا وہ انگریزی ترجمہ جس کے متعلق میں نے بتایا ہے کہ وہ ضائع ہو گیا تھا، وہ مولوی محمد علی صاحب نے اپنا کر کے شائع کیا تھا میرے خیال میں ۱۹۵۵ء تک اس انگریزی ترجمہ کے چالیس پچاس ہزار نسخے شائع جا سکے۔ ان کے اعداد و شمار اکٹھے کروا رہا ہوں۔ خود ہمارا جو پہلا ترجمہ تھا، وہ بھی چند ہزار کی تعداد میں چھپا تھا، اس سے زیادہ نہیں چھپ سکا تھا جس کا مطلب یہ ہے کہ جو چوٹی کے پڑھے لکھے لوگ تھے ہم صرف ان تک انگریزی اور چند دوسری زبانوں میں ترجمہ قرآن کریم پہنچا سکے۔

اب پہلی دفعہ میں نے حالات کو دیکھ کر ترجمہ کی طرز میں تبدیلی کی۔ چنانچہ اب قرآن کریم کا ترجمہ متن کے پیچھے چل رہا ہے۔ یعنی سورۃ الحمد پہلے صفحہ پر ہے۔ آخری صفحے پر نہیں۔ یہ بھی اللہ تعالیٰ کا فضل ہے ابھی اس کی پہلے کی طرح تو اشاعت نہیں ہوئی۔ اس پر کچھ وقت لگے گا۔

قرآن کریم کے ہزاروں نسخے

سمندروں کی لہروں پر "موجیں" کر رہے ہیں اور ابھی تک منزل مقصود پر نہیں پہنچے تاہم پچھلے تین چار مہینوں میں چالیس ہزار سے زیادہ تعداد میں بک چکے ہیں۔ الحمد للہ

تا ہم یہ تو میرا

ایک جائزہ تھا

ایک ASSESSMENT (ایسس منٹ) تھی، ایک خیال تھا کہ ہم نے یہ انقلاب پیدا کر دیا اور قرآن کریم سے اتنی دلچسپی پیدا ہو چکی ہے کہ اگر ہم دائیں سے بائیں انگریزی لکھنا شروع کر دیں گے تو ان کو اس کا کوئی احساس نہیں ہو گا۔ چنانچہ افریقہ میں ہم نے جو نمونے بھیجے تھے وہ پڑھے لکھے افریقنوں نے زبردستی چھین لئے۔ کچھ قرآن کریم کے انگریزی ترجمے کے نسخے یورپ میں بھیجے تھے۔ جرمنی کے نو مسلم نو احمدیوں میں سے بعض کے مجھے خط آئے ہیں کہ ہم نے کیا قصور کیا ہے۔ آپ نے حمائل سائز میں انگریزی ترجمہ شائع کر دیا ہے مگر جرمن ترجمہ قرآن کریم ابھی تک شائع نہیں کیا۔ ان کے خطوط سے علاوہ اور چیزوں کے میں نے یہی نتیجہ نکالا کہ اُن کو یہ احساس ہی نہیں ہوا کہ ترجمہ کی طرز میں کیا تبدیلی ہو گئی ہے بعض لوگوں کو میں خود بتاتا ہوں کہ دیکھو یہ انقلاب رونما چکا ہے۔

چند دن ہوئے

ایک بڑے افسر ملنے آئے ہوئے تھے۔ میں نے ان کو انگریزی ترجمہ قرآن کریم دکھایا۔ تو میں نے جیسا کہ میری عادت ہے اور ہر عقلمند احمدی کی ہونی چاہیئے ہم کوئی بات دھڑلے کے ساتھ پورے علم کے بغیر نہیں کر سکتے۔ میں نے انہیں بڑے محتاط الفاظ میں بتایا کہ میرے علم میں پہلی دفعہ یہ واقع ہوا ہے کہ قرآن کریم کا ترجمہ کرتے وقت ترجمے کے متن کو FOLLOW (فالو) کیا ہے۔ وہ کہنے لگے کہ آپ کے علم میں ہی نہیں بلکہ حقیقت یہی ہے کہ یہ پہلی دفعہ ایسا ہوا ہے۔ میں نے کہا میرے علم میں نہیں ممکن ہے کہیں سے کوئی ترجمہ نکل آئے اس لئے قسم حتمی طور پر نہیں کہہ سکتے لیکن اگر ہے بھی تو وہ بہت تھوڑا ہو گا۔

تفسیر سورۃ آلِ عمران و نساء کی طباعت کیلئے آپ کے تعاون کی ضرورت ہے پیشگی قیمت بھجوائیں
(ادارۃ المصنفین ربوہ)

Digitized by Khilafat Library Rabwah

پس جہاں تک

قرآن کریم کی اشاعت

کا تعلق ہے ایک انقلاب آگیا ہے۔ گو اس انقلاب کی اس وقت ہمیں ایک موج نظر آتی ہے لیکن حقیقت یہ ہے کہ ایک انقلاب پیدا ہو رہا ہے۔ دوست دعا کریں اللہ تعالیٰ فضل فرمائے۔ ہمارا اپنا پریس جلدی لگ جائے۔ چونکہ ملک میں ایک سیاسی ہنگامہ اور انتشار پیدا ہوا اور پھر اس کو درست کرنے کے لئے ایک حکومت قائم ہوئی جو حالات کو معمول پر لانے کی کوشش کر رہی ہے اور اس پر کچھ وقت لگے گا۔ ورنہ ہمارے پریس کے لئے باہر سے مشینیں منگوانے کا کیس قریباً تیار تھا۔ اس روک کی وجہ سے کچھ دیر ہمیں انتظار کرنا پڑے گا۔ لیکن میں آپ کو یہ بتا دیتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ کے فضل سے ہمارے راستے میں مستقل روکیں پیدا نہیں ہوا کرتیں۔

چنانچہ میں پریس کے بارے میں پریشان تھا۔ اور دعائیں کر رہا تھا تو اللہ تعالیٰ نے ایک اور راستہ بتا دیا۔ یہ اللہ تعالیٰ کے کام ہیں وہ خود ہی راہیں کھول دیتا ہے دو چار مہینے یا سال کی تاخیر ہو جانے سے کیا فرق پڑتا ہے

ملک غلام فرید صاحب نے چھوٹے نوٹوں کے ساتھ قرآن کریم کا جو ترجمہ شائع کیا ہے اس کی طباعت پر پاکستان کے ایک پریس نے چار سال لئے ہیں۔ میں نے تحریک جدید سے کہا کہ فرانسیسی ترجمہ یہاں بالکل نہیں چھپوانا اور نہ باہر سے چھپوانا ہے۔ کیونکہ اگر اس کے چھپنے پر چار سال ہی لگنے ہیں تو ہم تین سال تک اپنے پریس کا انتظار کر سکتے ہیں۔ اپنے پریس میں انشاء اللہ تین مہینے میں چھپ جائے گا۔ اور اس طرح تین سال انتظار کرنے کے بعد نو مہینے پھر بھی بچ جائیں گے۔ اس واسطے کوئی فرق نہیں پڑتا۔ یہ کام اپنے وقت پر انشاء اللہ مکمل ہو جائے گا۔

میں نے بعض بنیادی باتیں بطور تمہید کے بیان کی ہیں۔ قرآن کریم کی اشاعت کے سلسلہ میں مجھ پر اور آپ پر

ایک ذمہ داری

عاید ہوتی ہے۔ اور وہ یہ ہے کہ ہم نے اس ذہنی کیفیت کو بدلنا ہے جو

وَقَالَ الرَّسُوْلُ يٰرَبِّ اِنَّ قَوْمِي اتَّخَذُوْا
هٰذَا الْقُرْاٰنَ مَهْجُوْرًا ( )

میں بیان کی گئی ہے۔ غرض قرآن کریم کو مہجور و متروک سمجھنے کی اس ذہنی کیفیت کو بدلنے کی ذمہ داری جماعت احمدیہ پر ڈالی گئی ہے۔ کیونکہ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا ہے کہ اسلام کی نشأۃ اولیٰ تکمیل ہدایت کا زمانہ تھا اور نشأۃ ثانیہ میں تکمیل اشاعت ہدایت مقدر ہے۔ بعض لوگ خواہ مخواہ آنکھیں بند کر کے ہم پر اعتراض کر دیتے ہیں حالانکہ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کا مقام فنا فی محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا مقام ہے۔ آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی محبت میں کسی شخص نے اپنے نفس کو کس طرح فنا نہیں کیا جس طرح حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اپنے نفس کو فنا کیا۔

غرض حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا کہ میرے زمانہ میں تکمیل اشاعت ہدایت ہو گی کیونکہ ہدایت تو

اَلْيَوْمَ اَكْمَلْتُ لَكُمْ دِيْنَكُمْ
وَاَتْمَمْتُ عَلَيْكُمْ نِعْمَتِيْ وَرَضِيْتُ
لَكُمُ الْاِسْلَامَ دِيْنًا۔

کی رُو سے آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ذریعہ مکمل ہو گئی تھی اور اس وقت کی معروف دُنیا میں اسلام غالب بھی آگیا تھا۔ وہ معروف دُنیا میں تو غالب آگیا لیکن اس وقت کی معروف دنیا بہت چھوٹی تھی۔ بعض علاقے غیر آباد پڑے ہوئے تھے۔ مثلاً جزائر میں آبادی نہیں تھی آسٹریلیا میں آبادی نہ ہونے کے برابر تھی۔

بہر حال چودہ سو سال میں دُنیا کی آبادی بہت بڑھ گئی ہے۔ افریقنوں نے پچاس پچاس بیویاں رکھ لیں۔ اسلام لانے سے پہلے بھی اور اب اسلام میں بھی۔ وہاں ایسا ہی چلتا ہے۔ کیونکہ ان کی زیادہ تربیت نہیں ہو سکی۔ وہاں کی

ہماری ایک جماعت کے پریذیڈنٹ صاحب

مسلمانوں سے احمدی ہوئے ہیں۔ قبول احمدیت سے پہلے انہوں نے اتنی بیویاں کیں اور اتنے بچے پیدا کئے کہ انہیں یہ یاد ہی نہیں کہ کون میرا بچہ ہے۔ ویسے وہ ہیں بڑے امیر آدمی ان کے متعلق یہ لطیفہ بیان ہوتا ہے (اور لوگ ان سے مذاق کرتے ہیں) کہ ایک نوجوان آجاتا ہے اور کہتا ہے میں تھرڈ ایر میں داخل ہوں اور میں آپ کا بیٹا ہوں آپ میرا خرچ برداشت کریں وہ چپ کر کے جیب سے پیسے نکال کر اسے دے دیتے ہیں۔ ان کو یہ بالکل پتہ نہیں ہوتا کہ وہ سچ بول رہا ہے یا جھوٹ بول رہا ہے۔ اسلام نے بھی چار شادیوں کی اجازت دی تھی مگر شرائط کے ساتھ۔ اور ویسے دُنیا میں جائز و ناجائز طریقوں سے ان لوگوں نے بچے پیدا کئے۔ چنانچہ آج کل اخباروں میں عموماً آتا رہتا ہے کہ بیسویں صدی کے آخر میں دُنیا کی اتنی آبادی بڑھ جائے گی۔

پس پچھلے چودہ سو سال میں دُنیا بہت بڑھ گئی۔ دنیا بہت پھیل گئی غیر آباد علاقے آباد ہو گئے۔ نئے سے نئے ملک ابھرے۔ آپس میں ملاپ کی راہیں کھل گئیں۔ پھر ایک خاندان بننے کا وقت آگیا۔ اب دُنیا کو ایک خاندان بنانا آپ کا کام ہے۔ تکمیل اشاعت قرآن آپ کا کام ہے۔

میرے دل میں یہ شدید خواہش ہے کہ اگلے پانچ سال میں قرآن کریم کی کم از کم دس لاکھ کاپیاں دس لاکھ افراد کے پاس یا یوں کہنا چاہیئے کہ دس لاکھ گھروں میں پہنچ جانی چاہئیں۔ اللہ تعالیٰ نے بڑا فضل کیا۔ میں نے یہ کام کروا دیا ہے۔ میں خود حیران ہوں میرا زمانہ خلافت ابھی بہت تھوڑا ہے پانچ چھ سال کے اس تھوڑے سے عرصہ میں قرآن کریم کی ایک لاکھ کاپیاں چھپ چکی ہیں۔ میرا خیال ہے آپ میں سے کسی دوست کے ذہن میں یہ بات نہیں آئی ہو گی کہ کتنا بڑا انقلاب آگیا ہے۔

میں نے آپ سے یہ بات کہی تھی۔ لیکن آپ لوگ میرے ساتھ کما حقہ تعاون نہیں کرتے اللہ تعالیٰ مجھ پر بھی اور آپ پر بھی فضل فرمائے۔ میں نے امرائے ضلع کو

ایک آسان سکیم

بتا کر دی تھی کہ ہر تحصیل اشاعت قرآن کے لئے دو ہزار روپے جمع کرے بعض تحصیلوں کے لئے تو یہ بالکل معمولی بات ہے مثلاً تحصیل لاہور میں سے ایک آدمی بھی دو ہزار روپے دے سکتا ہے۔ وہ اگر ہمت کریں تو اس سے زیادہ جمع کر سکتے ہیں۔ بعض تحصیلوں میں ہمارے احمدی دوست اتنے تھوڑے ہیں کہ ان تحصیلوں میں دو ہزار روپیہ اکٹھا کرنا بظاہر مشکل ہے۔ تاہم یہ ایک عام پروگرام بنایا گیا ہے۔ تکلیف مالا یطاق کے بغیر جو کام ہم کر سکتے ہیں وہ ہمیں کرنا چاہیئے۔ لیکن اگر ہم اوسطاً فی تحصیل دو ہزار روپیہ بطور سرمایہ اشاعت قرآن کے لئے جمع کریں تو مغربی پاکستان کی کل ۱۵۲ تحصیلیں ہیں جس کا مطلب یہ ہے کہ ۳ لاکھ ۴ ہزار روپے جمع ہو سکتے ہیں۔ میں نے امرائے ضلع کو کہا تھا کہ یہ اپنا سرمایہ رکھو اور اس سے حمائل سائز میں سادہ اور اردو ترجمہ والا قرآن کریم خرید کر فروخت کرو۔ ہم نے یہ قرآن کریم مارکیٹ میں اتنا سستا دے دیا ہے کہ بعض لوگ مانتے نہیں۔ حتیٰ کہ بعض احمدیوں کو بھی شاید شک ہو گا کہ اپنی طرف سے ڈالا ہے حالانکہ ہم اسے اصل لاگت پر دے رہے ہیں۔ اس کا اصل خرچ چھ روپے فی کاپی ہے۔ گو بعض ملکوں میں اس سے بھی کم قیمت پر دے رہے ہیں۔ اور بعض ملکوں میں اس سے زیادہ قیمت پر بھی دے رہے ہیں تاکہ اسے سمویا جائے اور ہماری اپنی اصل قیمت وصول ہو جائے۔

امت محمدیہ میں دراصل قرآن کریم کی اشاعت دو رنگ میں کی گئی ہے ایک اس کو تجارت کا مال بنا کر منڈی میں پھینکا گیا۔ اور اس سے مادی فائدہ اٹھایا گیا لیکن خدا تعالیٰ نے مجھے تاجر نہیں بنایا۔ مجھے خدا تعالیٰ نے

حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کا نائب

بنایا ہے۔ اس واسطے میں نے تجارت نہیں کرنی۔

تفسیر صغیر کی طرز پر اردو ترجمہ قرآن کریم بھی چھپ چکا ہے۔ بعض دوستوں نے دیکھا بھی ہو گا۔ یہاں بھی کچھ کاپیاں پڑی ہوئی ہیں۔ شروع میں جب دفتر والوں نے مجھے تین کاپیاں لا کر دیں کہ میں دیکھ لوں۔ تو میں نے خاندان کے افراد جو مجھے ملنے کے لئے شام کو آجاتے ہیں ان کو دکھایا تو سب نے بڑا پسند کیا۔ میں نے کہا مجھے بڑا افسوس ہے اس کی قیمت میں چھ روپے نہیں رکھ سکتا۔ کیونکہ اس پر خرچ چھ روپے سے کچھ زیادہ ہو گیا ہے اور کچھ ہم لوگوں کو مفت دے دیتے ہیں۔ یہ ٹھیک ہے اس سلسلہ میں کام کرنے والوں نے رضا کارانہ طور پر کام کیا۔ ہم نے تنخواہ دار آدمی نہیں رکھے ہوئے اگر اس کی قیمت میں تھوڑا سا اضافہ کر دیا جائے تو پھر بھی اصل خرچ کے اندر ہی رہتا ہے۔ میں نے کہا میں اس کی قیمت سات روپے رکھنا چاہتا ہوں۔ اس پر ہمارے گھر سے ایک عزیز کہنے لگے کہ یہ تو بہت کم قیمت ہے۔ اس کی قیمت کم از کم دس بارہ روپے ہونی چاہیئے۔ میں نے کہا میں اتنی زیادہ قیمت کیوں رکھوں میں کوئی

Digitized by Khilafat Library Rabwah

تاجر تو نہیں۔ میری تو یہ خواہش ہے کہ قرآن کریم ہر آدمی کے ہاتھ میں پہنچا دیا جائے اور یہ خواہش تبھی پوری ہو سکتی ہے جب ہم دنیا کی تجارت نہ کریں بلکہ اللہ تعالیٰ سے تجارت کریں۔ یہ تجارت تو ہے اس لئے کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے میرے ساتھ تجارت کرو۔ چنانچہ ہم بھی یہی کہتے ہیں کہ اے ہمارے پیارے رب ہم تیرے ساتھ تجارت کریں گے۔

پس اگر دوست اس سلسلہ میں کوشش کریں تو

"اَلْخَیْرُ کُلُّہٗ فِی الْقُرْاٰنِ"

کی رُو سے ہمیں انفرادی طور پر بھی اور اجتماعی طور پر بھی بڑی برکت ملے گی۔

ابوظہبی وغیرہ عرب ریاستیں جو پٹرولیم کی وجہ سے بہت اہمیت رکھتی ہیں۔ وہاں بھی خدا کے فضل سے احمدی دوست کام کرتے ہیں۔ وہاں سے پچھلے سال مجھے دوستوں کے کئی خط آگئے کہ پنجاب کے جو علماء وہاں گئے ہوئے ہیں انہوں نے ہمارے خلاف ایک ہی بڑی زبردست دلیل دی ہے اور اس کا ہمیں جواب چاہیئے اور انہوں نے ہمارے خلاف دلیل یہ دی ہے کہ احمدیوں کا قرآن کریم اور ہے۔ اس لئے ہمیں

ربوہ کا چھپا ہوا قرآن کریم

بھیج دیں۔ تاکہ ہم ان کو دکھا سکیں کہ ہمارا قرآن اور نہیں ہے بلکہ وہی قرآن ہے جو حضرت نبی کریم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم پر نازل ہوا تھا۔ اُس وقت تو یہ قرآن کریم ابھی چھپے نہیں تھے۔ اب چھپ گئے ہیں۔ ایک دوست دہلی سے آئے ہوئے تھے۔ میں نے اُن سے کہا تم جتنے لے جا سکتے ہو لے جاؤ اور ان کو بتا دو کہ قرآن عظیم جو اللہ کی کتاب ہے نہ ہماری نہ تمہاری اور اللہ کی یہ عظیم کتاب ایک ہی ہے۔ اس میں کوئی فرق نہیں ہے۔ غرض ربوہ کا چھپا ہوا قرآن ہو تو ہر جگہ کے احمدی ایسے اعتراض کرنے والے لوگوں سے یہ کہہ سکتے ہیں کہ بتاؤ کون سی آیت نئی ڈالی ہے اور کونسی نکالی گئی ہے۔ یہ تو وہی قرآن کریم ہے جو اپنی تمام برکتوں کے ساتھ آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم پر نازل ہوا تھا۔

پس ہم نے اس کی تجارت اللہ تعالیٰ سے کرنی ہے۔ ہم نے پانچ دس فیصدی نفع نہیں لینا۔ خدا تعالیٰ فرماتا ہے کہ جو میرے ساتھ تجارت کرے گا اسے دس گنا زیادہ دوں گا۔ اور اگر چاہوں تو اس سے بھی زیادہ دوں گا۔ اس لئے ہم نے یہ دعا کرنی ہے کہ اے ہمارے خدا ہمارے لئے یہ پسند فرما اور توفیق دے کہ ہم اس کی زیادہ سے زیادہ اشاعت کریں اور زیادہ سے زیادہ ثواب اور اجر کے مستحق ٹھہریں۔

اس وقت آپ دوست جو میرے سامنے بیٹھے ہیں یا جن میں کچھ دوست باہر سے بھی آئے ہوئے ہیں یا جہاں جہاں سے بھی آپ کا تعلق ہے وہاں قرآن کریم کی اشاعت کریں۔ جیسا کہ میں نے ابھی کہا ہے ہر تحصیل اگر

دو ہزار روپے کا سرمایہ

جمع کرے امراء ضلع کو تو میں نے پوری سکیم بتائی تھی کہ دو ہزار روپے فی تحصیل جمع کر کے اس سے قرآن کریم خرید لو۔ اور کوشش کرو کہ پوری قیمت یعنی چھ روپے جو اصل لاگت ہے اس پر فروخت کرو۔ اور اگر ایسا نہ ہو سکے تو ایک دو روپے رعایت دے کر بھی قرآن کریم کو ہر آدمی کے ہاتھ میں پہنچانے کی کوشش کرو۔ یہ رعایت ہمیں اس لئے بھی دینی پڑتی ہے کہ رسول نے فرمایا تھا:۔ یٰرَبِّ اِنَّ قَوْمِی اتَّخَذُوْا ھٰذَا الْقُرْاٰنَ مَھْجُوْرًا

یہ ایک حقیقت ہے

کہ قرآن کریم اس وقت متروک و مہجور ہے۔ ایک شخص جو مسلمان کہلاتا ہے، وہ ایک شام کی عارضی اور سطحی لذت حاصل کرنے کے لئے تیس روپے خرچ کرتا اور اپنے بیوی بچوں کو سینما دکھانے چلا جاتا ہے۔ مگر چھ سات روپے قرآن کریم اور اس کے ترجمے کے لئے خرچ نہیں کرتا جو اس کے لئے ساری عمر برکت کا موجب ہے۔

پس یٰرَبِّ اِنَّ قَوْمِی اتَّخَذُوْا ھٰذَا الْقُرْاٰنَ مَھْجُوْرًا ایک صداقت ہے جسے دنیا جھٹلا نہیں سکتی لوگوں کا عمل بتا رہا ہے کہ یہ ایک حقیقت ہے۔ لیکن یہ بھی ایک حقیقت ہے کہ مجھے اور آپ کو خدا تعالیٰ نے اس لئے پیدا کیا ہے کہ قرآن کریم کی عظمت کو دوبارہ قائم کیا جائے۔ اس لئے اب قرآن کریم مہجور نہیں رہے گا۔ بلکہ یہ ہماری ہی نہیں بلکہ ان کی روح کا سرور۔ ذہنوں کا نور اور سینوں کی ٹھنڈک بن جائے گا۔ انشاء اللہ۔

ایک سادہ بغیر ترجمہ کے قرآن کریم ہے۔ یہ ہمارے اطفال الاحمدیہ یعنی چھوٹے بچوں کے لئے ہے وہ اس سے ناظرہ قرآن پڑھنا سیکھ سکتے ہیں۔ یہ سادہ قرآن کریم ایک لاکھ سے زیادہ لگنا چاہیئے۔ کسی اور کے چھپوائے ہوئے قرآن کریم سے ہم نے مقابلہ نہیں کیا ہوا۔ ہم اپنے اس سادہ قرآن کریم کو اس لئے ترجیح دیتے ہیں کہ ہمارے بچے قاعدہ یسرنا القرآن سے قرآن کریم سیکھتے ہیں اور یہ حمائل سائز سادہ قرآن کریم، قاعدہ یسرنا القرآن کے رسم الخط پر شائع کیا گیا ہے۔ اس سے بچوں کو سہولت رہتی ہے۔ اور آسانی سے قرآن کریم کی طرف اُن کی علمی جدوجہد منتقل ہو جاتی ہے۔ چنانچہ شروع میں جب اس رسم الخط پر حمائل سائز میں قرآن کریم چھپ کر آیا تو مجھے فکر تھی کہ چھوٹا سائز ہونے کی وجہ سے بچے شاید اس کو پڑھ نہ سکیں۔ میں نے اپنے گھر میں اپنی ہمشیرگان سے کہا کہ جو بچے گھروں میں قاعدہ یسرنا القرآن پڑھتے ہیں اور ان کی پڑھائی قرآن کریم کی طرف منتقل ہونے والی ہے ان کو حمائل سائز میں یہ قرآن کریم پڑھا کر دیکھیں وہ اٹکیں گے تو نہیں! لیکن مجھے کسی کی طرف سے یہ رپورٹ نہیں ملی کہ اسے پڑھتے وقت کوئی بچہ اٹکا ہو۔ سب نے یہی کہا کہ قاعدہ یسرنا القرآن کی وجہ سے بچے اس قرآن کریم کو آسانی کے ساتھ پڑھ لیتے ہیں۔

پس ایک لاکھ سے زیادہ تو نہیں یہی سادہ قرآن کریم پھیلا دینا چاہیئے۔ میں چاہتا ہوں کہ آپ مجھے تنگ کریں۔ اور کہیں کہ شائع کرنے والے سستی کیوں کرتے ہیں۔ ہماری ضرورت کیوں پوری نہیں ہوتی۔

بہرحال

میری سکیم یہ تھی

کہ دو ہزار روپے فی تحصیل جمع ہوں۔ اور یہ اُن کا سرمایہ ہوگا اور اس میں اگر کچھ کم ہو جائے تو اتنا ہر سال پورا کر لیا جائے۔ مثلاً اگر آپ نے سو آدمیوں کو چھ روپے کی بجائے پانچ روپے میں قرآن کریم دیئے تو اس طرح سو روپیہ آپ کے اصل سرمایہ میں سے کم ہو جائے گا۔ اگلے سال اس کو آپ نے پورا کرنا ہے۔ دو ہزار روپے نہیں جمع کرنے۔ ایک سو روپے مزید جمع کر کے دو ہزار روپے کے اصل سرمایہ کو برقرار رکھنا ہے۔ ایک سال میں دو ہزار کیا اس کو جکڑ دے کہ اس سے زیادہ بھی اشاعت ہو سکتی ہے۔ مثلاً اصل سرمایہ سے آپ نے جو قرآن کریم خریدے ہیں اُن کو بیچیں، پھر منگوائیں اور اس طرح فروخت کرتے چلے جائیں۔ اگر کسی دوست کو مفت دینا چاہیں تو بجائے اشاعت قرآن کے اس اجتماعی فنڈ سے دینے کے اپنے پاس سے ساری یا آدھی قیمت دے دیں۔

غرض یہ سادہ قرآن کریم ہے جو بچوں کے لئے ہے۔ پھر اردو ترجمہ ہے۔ ایک حصہ انگریزی پڑھنے والوں کا ہے ان ہر سہ قسم کے

قرآن کریم کی کئی لاکھ کی مانگ

تو صرف پاکستان میں ہے۔ ویسے جو دعا ذہن کے محتاج ہماری کوششوں کے حصے ہیں ان میں سے ایک وہ ہے جو امریکہ میں کوشش ہو رہی ہے۔ خدا کرے کہ وہ ہمیں قرآن کریم کا بڑا آرڈر دیں جو کم از کم ایک لاکھ کاپی کا ہو۔ امریکہ تجارتی لحاظ سے بڑا منظم اور امیر ملک ہے۔ اس واسطے امریکن دوستوں نے مجھے کہا کہ انگریزی ترجمہ قرآن کریم کی قیمت وہ نہ رکھیں جو پاکستان میں رکھی ہے۔ ورنہ امریکن لوگ یہ سمجھیں گے کہ یہ چیز اتنی سستی مل رہی ہے اس لئے یہ کوئی قیمتی اور اچھی چیز نہیں ہے۔ چنانچہ ایک دوست نے کہا کہ اس کی کم از کم قیمت دس ڈالر رکھیں۔ (آجکل نرخ کے مطابق دس ڈالروں کے ۱۱۰ روپے بنتے ہیں) میں نے کہا نہیں تو پھر وہ کہنے لگا پانچ ڈالر رکھ لیں۔ اب مجھے یاد نہیں رہا کہ اس کی کتنی قیمت مقرر ہوئی ہے لیکن زائد قیمت کا فیصلہ ہمیں دو وجہ سے کرنا پڑا۔ ایک اس لئے کہ ہم امریکہ سے کمانا چاہتے ہیں اور کمانا اس لئے نہیں کہ اس سے نفع حاصل کرنا مقصود ہے۔ میں اس لئے کمانا چاہتا ہوں کہ میں اللہ تعالیٰ سے اس کی تجارت بڑھا سکوں۔ دوسرے اس لئے بھی قیمت بڑھانی پڑی کہ جس امریکی فرم سے ہماری خط و کتابت ہو رہی تھی۔ (گو وہ اتنی اچھی ثابت نہیں ہوئی تاہم) اس نے ہمیں کہا کہ ہم ساٹھ فی صد کمیشن لیں گے۔ اس لئے آپ کو بھی قیمت رکھنا چاہیئے ہیں اس میں یہ کمیشن اور امریکہ تک پہنچنے کا کرایہ جمع کر دیں۔ وہ آگے چالیس فی صد رعایت پر دکانداروں کو RETAIL (ری ٹیل) پر دیتے ہیں۔ غرض انہوں نے کہا کہ ہم قیمت میں اس اضافے کے ساتھ لے لیں گے اور ہم خود ہی اشتہار وغیرہ دے کر فروخت کریں گے۔ دوست دعا کریں۔ اگر میں اس طرح ایک لاکھ کاپی امریکہ میں بھجوا سکوں تو ایک لاکھ نسخے مفت افریقہ میں دے سکتا ہوں ہم اس کے نفع سے مزید قرآن کریم شائع کر کے افریقہ میں مفت تقسیم کریں گے۔ کیونکہ افریقہ اس کا مستحق ہے۔ بعض دفعہ مجھے اُن پر بڑا رشک آتا ہے۔ اُن میں سے آٹھویں دسویں گیارہویں بارہویں میں پڑھنے والے بچے کیا اور نوجوان کیا سبھی کے دل میں قرآن کریم اور عربی زبان سے بڑی محبت ہے۔ وہ مجھے یہاں خط لکھتے رہتے ہیں کہ آپ ہمیں

Digitized by Khilafat Library Rabwah

قرآن کریم باترجمہ

بھیج دیں۔ یہ اُن کے اسی جذبہ کا اظہار ہے۔ وہ سمجھتے ہیں کہ ہم نے اگر یہاں جماعت احمدیہ کے مبلغ انچارج کو کہا (وہ سارے احمدی نہیں ہوتے۔ اکثر ان میں وہ ہوتے ہیں جو احمدی نہیں ہوتے) تو یہ دیر کر دے گا یا سستی کر دے گا۔ اس واسطے ہم براہ راست کیوں نہ لکھ دیں۔ پھر میں ان کے خطوط اپنے مبلغین کو بھجوا دیتا ہوں کہ ان کے لئے قرآن کریم کا انتظام کرو۔

غرض اگر ہم اس پڑھے لکھے افریقن کے ہاتھ میں اپنے انگریزی ترجمہ والا قرآن کریم دے دیں تو اس افریقن کے پاس جا کر کوئی مولوی صاحب یہ نہیں کہیں گے کہ احمدیوں کا قرآن اور ہوتا ہے اور ہمارا قرآن اور۔ کیونکہ اگر وہ ایسا کہیں گے تو وہ اپنی جیب سے نکال کر دکھا دیں گے کہ بتائیں کہاں اختلاف ہے۔

اسی طرح میں یہ چاہتا ہوں اور میرے چاہنے سے مراد میری یہ خواہش ہے۔ باقی خواہشات کو پورا کرنا یا کب پورا کرنا یہ تو اللہ تعالیٰ کا کام ہے۔ ہمارا کام صرف نیک خواہش پیدا کر کے اس کے پورا ہونے کے لئے دعائیں کرنا ہے۔ یہ میری اور آپ کی ذمہ داری ہے۔ اور اس کے لئے جہاں تک ہماری طاقت ہے کوشش کرنا ہے۔ ہمارا اصل مقصد یہ ہے کہ پاکستان کے ہر گھر میں (ہر فرد کے لئے میں نہیں کہہ رہا) ہمارا اچھا ترجمہ قرآن کریم اور اس کا ترجمہ پہنچ جائے۔ یہ کام وقت لے گا۔ یہ کام پیسے چاہتا ہے اس لئے سردست ہمارا پہلا کام یہ ہے کہ پاکستان کے ہر گاؤں میں ہمارا ایک قرآن کریم سادہ اور ایک اردو ترجمہ والا ضرور پہنچ جائے۔ مجھے صحیح یاد نہیں رہا کہ پاکستان میں کل کتنے گاؤں ہیں۔ جب بی۔ ڈی کے کام ہوا کرتے تھے اس وقت میں نے تعداد نکالی تھی۔ اب یاد نہیں رہی۔ کہیں سے پتہ لگ جائے گا۔ اس کام کے لئے بھی محنت کرنی پڑے گی۔ جب ہر تحصیل میری سکیم کے مطابق کام آئے گی تو بہت ساری چیزیں اُن کے سامنے ایسی بھی آئیں گی جن کو میں بیان کرنا مناسب نہیں سمجھتا۔ اُن کو خود ہی سمجھ آجائے گی۔ بہرحال

ہر تحصیل کے احمدیوں کو چاہیئے

کہ وہ پندرہ دن میں دو ہزار روپے جمع کریں۔ دو ہزار میں سے فرض کریں چار سو کے قرآن کریم دے دیتے ہیں تو اتنی رقم گویا آپ کو واپس آگئی۔ اس کے آپ اور قرآن کریم منگوالیں آپ نے دو ہزار سے نیچے نہیں جانا۔ دو ہزار روپے گویا آپ کا ریزرو ہے۔

ضمناً میں یہ بھی بتا دیتا ہوں کہ مثلاً

نصرت جہاں آگے بڑھو

کی سکیم کے ماتحت جو کام ہو رہے ہیں۔ اس سلسلہ میں مجھے ایک دن خیال آیا کہ ایک خاص رقم سے نہ یہاں کا ہمارا فنڈ نیچے جا رہا ہے اور نہ غیر ملکی فنڈ سے نیچے جا رہا ہے حالانکہ یہ کوئی منصوبہ نہیں تھا کہ اس سے نیچے نہ جائے۔ چونکہ میرے پاس ہر ہفتے رپورٹیں آتی ہیں چنانچہ میں نے دیکھا کہ یہ فنڈ ایک خاص رقم سے نیچے نہیں جا رہا۔ میں نے سوچا کہ اس حد تک خدا تعالیٰ نے اسے سلسلہ کے لئے ریزرو بنا دیا ہے۔ اور اس طرح پاکستان میں دس لاکھ روپے بطور ریزرو رہیں گے۔ پچھلے ایک مہینے میں نوّے ہزار اور ایک لاکھ کے درمیان خرچ کرنا پڑا اور پھر جب آخری رپورٹ میرے سامنے آئی تو دس لاکھ اور چند ہزار کے قریب رقم باقی تھی۔ اسی طرح ہماری بیس ہزار پونڈ کی رقم غیر ملکوں میں ریزرو ہے۔ جو وہاں کے باشندوں نے جمع کی ہے۔ حالانکہ وہاں سے ایک ایک وقت میں پانچ پانچ ہزار پونڈ افریقہ میں بھجوائے جا چکے ہیں۔ ہماری جماعتیں خدا تعالیٰ کے فضل سے ساری دنیا میں پھیلی ہوئی ہیں۔ ہر ایک جماعت نے

نصرت جہاں ریزرو فنڈ

میں حصہ لیا ہے۔ اس لئے ہماری کوشش یہ تھی کہ ساری رقمیں اکٹھی ہو جائیں تاکہ ان کے OPERATE کرنے میں مشکل پیش نہ آئے اور وقت ضائع کئے بغیر اُن سے فائدہ اٹھایا جا سکے۔ چنانچہ میں نے یہ ہدایت کی تھی کہ اس فنڈ کا کچھ حصہ انگلستان میں اور کچھ حصہ امریکہ میں رکھ کر باقی سوئٹزرلینڈ میں بھجوا دیا جائے۔ چنانچہ اس وقت ۱۳/۱۴ ہزار پونڈ سوئس فرانک کی شکل میں ریزرو ہیں۔ اور ۵ ہزار پونڈ انگلستان میں ریزرو تھا وہاں سے کچھ رقم سوئٹزرلینڈ بھجوا دی گئی تھی۔ باقی اور بھی ۲۳/۲۴ ہزار پونڈ کی رقمیں دنیا میں پھیلی ہوئی ہیں۔ تاہم میں نے یہ دیکھا ہے کہ اس سے پہلے بھی اور بعد بھی بیس ہزار پونڈ سے زیادہ نیچے نہیں گئی۔ گویا یہ اللہ تعالیٰ نے ہمارے لئے ریزرو قائم کر دیا ہے تاکہ ہم گھبرا نہ جائیں۔ میں تو جو ضرورت ہوتی ہے کہتا ہوں کہ خدا تعالیٰ کے راستے میں مالی قربانی کی شکل میں پیش کرو۔ میں اپنا کام تو نہیں کر رہا کہ مجھے فکر ہو۔ جس کا یہ کام ہے، وہ آپ ہی ضرورت کو پوری کر دے گا۔

غرض دوست دعا کریں۔ اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے ہمیں توفیق عطا فرمائے اور ہم اگلے پانچ سال میں قرآن کریم کے دس لاکھ نسخے دُنیا بھر میں پھیلا دیں اس کارِ خیر میں حصہ لیں ہم سب کے لئے موجب برکت ہوگا۔

دوست اپنے ایک مجاہد بھائی کے لئے بھی دعا کریں۔ ڈاکٹر حسن پچھلے سال سیرالیون گئے تھے۔ ان کے متعلق پہلے بھی تار آئی تھی۔ آج پھر تار آئی ہے کہ ان کی حالت تسلی بخش نہیں۔ اُن کے گُردوں نے کام کرنا چھوڑ دیا ہے اور اندیشہ ہے کہ شاید گردے کے کسی پتھر نے راستہ بند کر دیا ہے۔ جس کی وجہ سے ٹاکسین جمع ہو رہے ہیں۔ اللہ تعالیٰ جو شافی مطلق ہے وہ اپنے فضل سے ان کو صحت اور زندگی عطا فرمائے۔

پھر اپنے لئے بھی دعا کریں اور سب سے زیادہ تکمیل اشاعتِ قرآن کے لئے دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے اس کام میں کامیابی بخشے۔ آپ یاد رکھیں اس وقت ہمارے سامنے خالی اشاعت قرآن نہیں کہ آپ سمجھیں کہ ہم نے بھی تاج کمپنی کی طرح اشاعت کر دی اور کافی ہو گیا۔

تکمیلِ اشاعتِ ہدایت ہماری ذمہ داری ہے

صرف اشاعتِ ہدایت ہماری ذمہ داری نہیں۔ اور اس تکمیل کا مطلب یہ ہے کہ آپ نے ہر انسان کے ہاتھ میں قرآن کریم کی ہدایت پہنچانی ہے۔ دوست دعا کریں اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے ہماری کمزوریوں کے باوجود، مال کی کمی کے باوجود اور اثر و رسوخ کی کمی کے باوجود اور اندرونی اور بیرونی فتنوں کے باوجود ہمیں اس کارِ خیر کی کما حقہ توفیق عطا فرمائے۔ جہاں تک اندرونی فتنوں کا سوال ہے منافق بھی اللہ تعالیٰ نے ہمارے ساتھ لگایا ہوا ہے تاکہ ہم بیدار رہیں۔ شیطان نے بھی

ایک بزرگ

کو تہجد کے لئے اٹھا دیا تھا۔ پہلے دن سلائے رکھا اور دوسرے دن خود اٹھا دیا۔ اس بزرگ نے کہا شیطان! تو مجھے اٹھانے کیسے آگیا؟ اس نے کہا کل تہجد نہ پڑھنے کے نتیجہ میں تمہاری روح میں جو اضطراری کیفیت پیدا ہوئی تھی، اس کا اللہ تعالیٰ نے تمہیں تہجد پڑھنے سے زیادہ ثواب دے دیا اس لئے اس سے زاید ثواب سے محروم کرنے کے لئے میں نے یہی بہتر سمجھا کہ تمہیں تہجد کے لئے اٹھا دیا جائے۔

پس یہ منافق ہمارے ساتھ لگے ہوئے ہیں۔ ان سے گھبرانا نہیں چاہیئے وہ خود تو اپنے لئے جہنم کے فرشتوں سے جہنم کی سب سے نچلی جگہ (اسفل سافلین) کی تیاری کروا رہے ہیں لیکن ہمارے لئے وہ

جنّت کے دروازے

کھول رہے ہیں۔ وہ تو بدقسمت ہیں خدا کرے کہ اُن کی ریشہ دوانیوں کے نتیجہ میں ہم خوش قسمت بن جائیں۔ ضرورت اس بات کی ہے کہ ہم اپنی ذمہ داریوں کو سمجھیں اور ان کے نباہنے کی مقدور بھر کوشش کریں۔

بہرحال اس وقت یہ تین نسخے قرآن کریم کے ایک سادہ دو مترجم اشاعت کے لئے موجود ہیں۔

(۱) سادہ قرآن کریم جو اپنوں اور اپنے غیر از جماعت دوستوں کے بچوں کو

قرآن کریم سادہ یا ناظرہ

پڑھنے کے لئے بہت اچھا ہے اور پھر خود بڑوں کے ہر وقت کے پڑھنے کے لئے بھی کام آسکتا ہے۔ اس کی قیمت چھ روپے ہے۔

(۲) اردو ترجمہ قرآن کریم ہے۔ یہ تفسیر صغیر والا بامحاورہ ترجمہ ہے۔ صرف نیچے نوٹ نہیں ہیں۔ کیونکہ میں نے اندازہ لگایا تھا کہ ان نوٹس کو پڑھنے والے صرف پانچ دس فی صدی دوست ہوتے ہیں۔ جو ان تفسیری نوٹوں کو پڑھنے اور اُن سے فائدہ اٹھانے کے قابل ہوتے ہیں۔ نوّے فی صدی دوست ان سے یا فائدہ اٹھا نہیں رہے یا اُٹھا نہیں سکتے۔ ان کے لئے حمائل کی شکل میں ترجمہ قرآن کریم چھپوایا

Digitized by Khilafat Library Rabwah

گیا ہے۔

خود ترجمہ بھی تفسیری ہے

اب تک جتنے غیر از جماعت دوستوں کے پاس یہ حمائل گئی ہے وہ اسے دیکھکر حیران بھی ہوئے ہیں اور خوش بھی۔ یہاں تک کہ مطبع میں کام کرنے والے دوست کہتے تھے کہ ہم نے پہلی دفعہ یہ ترجمہ دیکھا ہے جس سے قرآن کریم کے معنے سمجھ آرہے ہیں

(۳)۔ انگریزی ترجمہ قرآن کریم ہے۔ یہ بھی ایک تو حمائل سائز میں ہے اور ایک پاکٹ سائز میں۔ اسے انگریزی دان طبقہ میں پہنچا دینا چاہیئے۔

غرض یہ قرآن کریم شائع ہو چکے ہیں۔ اب ان کی اشاعت کی ذمہ داری جماعت پر عاید ہوتی ہے۔ ہمارے ملک میں بھی تھوڑی یا بہت اشاعت ہو سکتی ہے۔ اپنا پریس لگ گیا تو بیرونی ملکوں کا شکوہ بھی دور کرنا ہے۔ انشاء اللہ جرمن اور ڈچ زبانوں میں بھی تراجم کے نئے ایڈیشن شائع ہوں گے اور وہاں لاکھوں کی تعداد میں بھجوائے جائیں گے۔ آپ دعا کریں کہ اگلے پانچ سال میں امریکہ دس لاکھ قرآن کریم کا خریدار بن جائے اور اس طرح ہم اس کی آمد سے مزید قرآن کریم شائع کر کے افریقہ میں مفت تقسیم کر دیں۔ پھر تو انشاء اللہ بہت کام ہو جائے گا۔ افریقہ کے بعض ملکوں میں فرانسیسی ترجمہ قرآن کریم کی بڑی مانگ ہے۔ اس کے لئے بھی دوست دعا کریں کہ جلدی تیار ہو جائے۔

دوست یاد رکھیں

میں پھر دہرا دیتا ہوں کہ آپ کی ذمہ داری اشاعتِ ہدایت نہیں بلکہ تکمیل اشاعتِ ہدایت ہے۔ اور یہ بڑی بھاری ذمہ داری ہے۔ اس کے لئے جہاں دوسری سکیموں پر آپ نے عمل کرنا ہے وہاں میری آپ کو یہ بھی ہدایت ہے کہ آپ میں سے ہر آدمی اپنے دوست بنائے۔ میرا یہ تجربہ ہے کہ جو آدمی آپ سے ایک دفعہ مل لیتا ہے وہ جب آپ سے دوبارہ ملے تو وہ بدلا ہوا انسان ہوتا ہے۔ کیونکہ اس نے ہمارے خلاف بہت کچھ جھوٹ سنا ہوتا ہے لیکن جب وہ ہم سے ملتا ہے تو ہمارے ملنے میں ہمارے اخلاق میں اور ہماری ذہنیت میں اسے بالکل برعکس چیزیں نظر آتی ہیں۔ اس تضاد پر اسے ایک اچھا خاصہ شاک پہنچتا ہے۔ وہ ہل جاتا ہے۔ وہ کہتا ہے میں نے احمدیوں کے متعلق کیا سنا تھا اور اب دیکھ کیا رہا ہوں۔

پس

احباب جماعت کو چاہیئے

کہ وہ غیر از جماعت دوستوں سے ملتے رہیں۔ اس میں کبھی سستی نہ کریں۔ ہر سال دس نئے دوست بنائیں اور ان کے ہاتھ میں قرآن کریم کی کا پیالہ پکڑا دیں۔ اس وقت میرے سامنے ماشاء اللہ سینکڑوں دوست بیٹھے ہوئے ہیں اگر اس اصول پر عمل کریں تو دو چار ہزار تو یہی تقسیم کر سکتے ہیں۔ بعض دوستوں کے متعلق مجھے علم ہے کہ وہ ماشاء اللہ سو سو کا پیالہ بھی تقسیم کرتے ہیں جس کا مطلب یہ ہے کہ اگر زید سو کا پیالہ تقسیم کر سکتا ہے تو پھر بکر بھی سو کر سکتا ہے۔ اگر نہیں کرتا تو یہ اس کی سستی ہے۔

اللہ تعالیٰ ہماری سستیاں دور کرے۔ میری صحت کے لئے بھی دعا کریں اور اس کام کے لئے بھی کہ جو میری ذمہ داریاں ہیں وہ میں نباہ سکوں۔

دلکشاء پرفیومری کمپنی رجسٹرڈ

جو قادیان کی سب سے پہلی کمپنی ہے جس نے اعلیٰ درجہ کے

تیل و عطر

تیار کئے تھے امسال بھی بر موقعہ جلسہ سالانہ اپنی مصنوعات پیش کر رہی ہے ربوہ میں آپ کو یہ اشیاء ہمارے اپنے سٹال زنانہ نمائش گاہ اور شریف کلاتھ ہاؤس الفضل برادرز گولبازار اور روق جنرل سٹور متصل دفتر خدام الاحمدیہ سے دستیاب ہوں گی۔

دلکشاء پرفیومری کمپنی رجسٹرڈ

مکان ۱۴ مین سٹریٹ ۳۵ نسبت روڈ لاہور

ایک عظیم بشارت

پارہ جات مترجم بطرز جدید کی پہلی جلد از پارہ اوّل تا پارہ پنجم پہلے ہی شائع کی جا چکی ہے جو اپنوں اور غیروں میں یکساں قبولیت کی سند حاصل کر چکی ہے اب بحمد اللہ اسی طرز پر جلد دوم از پارہ ششم تا پارہ دہم کی احباب کرام کے پیہم اصرار پر بلاک سازی اور طباعت کا بھی اہتمام کیا جا رہا ہے۔

لہٰذا احباب کرام سے اس بابرکت اور سراسر مفید کام میں ہاتھ بٹانے کا خواستگار ہوں ہر جلد کا ھدیہ مبلغ دس روپیہ مقرر ہے۔ پیشگی رقم بھجوا کر تعاون فرمائیں کیونکہ کاغذ کی گرانی بلکہ کمیابی اور قلت سرمایہ کی وجہ سے محدود تعداد میں یہ جلدیں چھپوائی جا رہی ہیں۔ جزاکم اللہ۔ آپ کے تعاون کا محتاج۔

عبدالرحمٰن مبشر رحمانیہ منزل بلاک جی ڈیرہ غازیخان

الحق المبین فی تفسیر خاتم النبیین

(از محترم مولانا قاضی محمد نذیر صاحب فاضل لائلپوری)

یہ معرکۃ الآراء کتاب مفتی محمد شفیع صاحب دیوبندی کی کتاب "ختم نبوت کامل" کے ہر حصہ کے جواب میں نہایت مبسوط دلائل پر مشتمل ہے اور اس میں آیت خاتم النبیین کے حقیقی اور صحیح معنوں کی روشنی میں دلائل دیئے گئے ہیں تبلیغ کیلئے یہ کتاب بہت مفید ہے اور ۲۰×۳۰/۱۶ سائز کے ۲۱۴ صفحات پر مشتمل ہے۔ ھدیہ علاوہ محصول ڈاک تین روپے فی طلب

ملنے کا پتہ:۔ الشرکۃ الاسلامیہ لمیٹڈ ربوہ

حضرت مولانا غلام مرشد صاحب نائب صدر انجمن حمایت اسلام خطیب شاہی مسجد لاہور

"میں نے اپنے حلقہ اثر میں جس ضرورت مند کو طبیہ عجائب گھر کی صاف ستھری ادویہ کے استعمال کی طرف متوجہ کیا ہے اس نے یہی رائے قائم کی ہے کہ یہ دواخانہ بہترین دواخانوں میں اونچے معیار اور پایہ کا ہے"

زود جام عشق بہ نسخہ کلاں۔ قوت باہ اور اعضاء کو طاقت دینے میں بے نظیر ہے۔

بلوب کبیر ورجہ خاص جواہر والی۔ کم و بیش ایک سو قیمتی جواہرات جڑی بوٹیوں اور اعلیٰ اجزاء سے مرکب ہے، دافع نسیان مقوی دل و دماغ اور نشاط آور ہے اعصاب کو طاقت دیتی ہے فہرست ادویہ کارڈ آنے پر مفت

طبیہ عجائب گھر۔ امین آباد۔ ضلع گوجرانوالہ

ہر قسم کا سامان سائنس واجبی نرخوں پر خریدنے کیلئے

الاسید سائنٹیفک سٹور لاہور فون نمبر ۶۴۵۰۰

گنپت روڈ لاہور کو ہمیشہ یاد رکھیں

حب اٹھرا جیڈ

مرض اٹھرا کی شہرۂ آفاق دوا

مکمل کورس گیارہ تولے بیس روپے

فی تولہ دو روپے

حکیم نظام جان اینڈ سنز گوجرانوالہ فون ۴۸۴۴

بالمقابل ایوان محمود ربوہ

پیوند الفلفا ٹانک

ہر قسم کی جسمانی کمزوریوں کی مجرب دوا

بھوک بڑھاتا، خوراک جزو بدن بناتا اور تازہ خون پیدا کرتا ہے۔ قیمت ۳/ ڈاک خرچ ۱/۵

فہرست مجربات کارڈ آنے پر مفت

شاہ ہومیو پیتھک اسٹور مسجد اسپتال حیدرآباد سندھ

رجسٹرڈ نمبر ایل ۵۴۵۲